# 17-09-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ نے آپریشن سندور کے بعد ہند۔ پاک تنازعہ میں کسی تیسرے فریق کی مداخلت کو مسترد کردیا اور کہا کہ دہشت گردی کے خلاف کارروائی ختم نہیں ہوئی ہے بلکہ صرف تھمی ہوئی ہے۔

۲۔ وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے حیدرآباد کے یوم انضمام کے موقع پر پرجا پالنا دینوا تسوم کے نام پر مختلف مقامات پر قومی پرچم لہرایا۔

۳۔ ریونت ریڈی نے تلنگانہ کیلئے جامع تعلیمی پالیسی کی ضرورت پر زور دیا جو سارے ملک کیلئے مثالی ہوسکتی ہے۔

اور

۴۔ ریاستی وزیر صحت داموودھر راج نرسمہا نے کہا ہے کہ تلنگانہ حکومت، مختلف ہیلتھ کلینکس کے ذریعہ خواتین کی صحت کو ترجیح دے رہی ہے۔

SNSPA:

ریاستی وزیر صحت دامودر راج نرسمہا نے آج حیدرآباد کے امیر پیٹ کمیونٹی ہیلتھ سنٹر میں مرکزی وزراء کشن ریڈی اور بنڈی سنجے کے ساتھ 'سوستھ ناری سشکت پریوارا بھیان' پروگرام کا آغاز کیا۔ میڈیا سے بات کرتے ہوئے وزیر صحت نے کہا کہ خواتین کی صحت بہتر ہوگی تو خاندان اور سماج مضبوط ہوگا۔ انہوں نے بتایا کہ تلنگانہ حکومت خواتین کی صحت کو ترجیح دے رہی ہے۔ خواتین کے لیے الگ ہیلتھ کلینکس چلائے جا رہے ہیں جہاں مفت چیک اپ، دوا اور علاج فراہم کیا جاتا ہے۔ وزیر نے کہا کہ 2012-13 میں قائم کیے گئے ماں اور بچہ صحت مراکز اب ریاست بھر میں پھیل چکے ہیں۔ اس مہم کے تحت آج سے لے کر 2 اکتوبر تک خواتین کے ہیلتھ کیمپس لگائے جائیں گے۔

EDUCATION:

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے تلنگانہ کے لیے نئی تعلیمی پالیسی بنانے پر زور دیا ہے جو ملک کی باقی ریاستوں کے لیے بھی ایک ماڈل بن سکے۔ انہوں نے کہا کہ پہلی جماعت سے بارہویں تک تعلیم میں خلا کو پر کرنے اور اعلیٰ تعلیمی اداروں جیسے عثمانیہ اور کاکتیا یونیورسٹی کو مضبوط بنانے کی ضرورت ہے۔ وزیراعلیٰ نے ریاستی تعلیمی پالیسی کا جائزہ لیا اور کہا کہ تعلیم کے شعبے میں انقلابی اصلاحات کی ضرورت ہے تاکہ اسے عالمی معیار کے مطابق بنایا جائے اور غربت مٹانے کا ذریعہ بنے۔ انہوں نے بتایا کہ محکمہ تعلیم کو ہر سال 21 ہزار کروڑ روپے ملتے ہیں جن میں سے 98 فیصد صرف تنخواہوں پر خرچ ہو جاتے ہیں، جس سے انفرااسٹرکچر یا اصلاحات کے لیے رقم باقی نہیں رہتی۔ سی ایم کے مطابق تعلیم صرف خواندگی تک محدود نہ ہو بلکہ سماجی تبدیلی اور معاشی ترقی کا بھی ذریعہ بنے۔

CM-DAY:

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے 'پرجا پالنا دنواتسوم' پروگرام کے تحت قومی پرچم لہرایا اور حیدرآباد کی آزادی کا دن منایا۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ تلنگانہ اپنے حصے کے دریائے گوداوری اور کرشنا کے پانی پر کوئی سمجھوتہ نہیں کرے گا۔ ریاستی مفادات کے تحفظ کے لیے حکمت عملی تیار کی جا رہی ہے اور ماہرین کو ہدایات دی گئی ہیں تاکہ ریاست کو اپنے حصے کے 904 ٹی ایم سی پانی کا حق ملے۔ انہوں نے کہا کہ پچھلی حکومتوں کی کوتاہیوں کی وجہ سے ہوئے نقصانات کی تلافی کے اقدامات کیے جائیں گے۔ وزیراعلیٰ نے یہ بھی کہا کہ ان کی حکومت منشیات کے ناسور کو ختم کرنے کے لیے پرعزم ہے کیونکہ یہ تلنگانہ کی ترقی کی راہ میں سب سے بڑی رکاوٹ ہے۔

SOUND BYTE

LIBERATION DAY

وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ نے آج کہا کہ ہندوستان کسی تیسرے فریق کی مداخلت قبول نہیں کرے گا۔ انہوں نے کہا کہ آپریشن سندور کے بعد دہشت گردوں کے خلاف کارروائی رکی نہیں ہے بلکہ یہ صرف ایک وقفہ تھا۔سکندرآباد کے پریڈ گراؤنڈ میں یوم ِآزادی حیدرآباد کی سرکاری تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیر دفاع نے کہا کہ ہندوستان اپنی تاریخ خود لکھے گا اور کسی کے لکھے ہوئے اسکرپٹ پر نہیں چلے گا۔انہوں نے خبردار کیا کہ اگر مستقبل میں دہشت گرد حملہ ہوا تو آپریشن سندور دوبارہ شروع کیا جائے گا۔ اس موقع پر مرکزی وزیر سیاحت و ثقافت گجیندر سنگھ شیکھاوت، وزیر کوئلہ و مائنز جی کشن ریڈی اور وزیر مملکت برائے داخلہ بی سنجے کمار نے بھی خطاب کیا۔ راج ناتھ سنگھ نے سکندرآباد کے کنٹونمنٹ پارک میں سابق وزیر اعظم اٹل بہاری واجپائی کے مجسمہ کی نقاب کشائی انجام دی۔اس تقریب میں کئی مرکزی وزراء، ارکان پارلیمنٹ اور دیگر لیڈرس نے شرکت کی۔اسی دن ایک تصویری نمائش بھی منعقد ہوئی جس میں تقریباً 50 پینلز پر تاریخی واقعات اور آزادی کی جدوجہد کرنے والے رہنماؤں کی کہانیاں پیش کی گئیں۔ یہ نمائش وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ اور وزیر ثقافت گجیندر سنگھ شیکھاوت نے دیکھی۔

SOUND BYTE

BRS DAY:

یوم ِآزادی حیدرآباد کے موقع پر بی آر ایس نے بھی حیدرآباد میں واقع اپنے ہیڈ کوارٹر تلنگانہ بھون پر تقریب کا انعقاد کیا اور پارٹی کے کارگزار صدر کے ٹی راما راؤ نے سینئر لیڈروں کے ساتھ پرچم لہرایا۔اس موقع پر انہوں نے کہا کہ 17 ستمبر وہ دن ہے جب تلنگانہ کے عوام نے بادشاہت سے جمہوریت کی طرف قدم بڑھایا۔انہوں نے کسانوں کی مسلح جدوجہد، 1969 کی تحریک اور چندر شیکھر راؤ کی قیادت میں ریاست تلنگانہ کے قیام کی تحریک کو یاد کیا اور تلنگانہ کو قربانیوں اور جدوجہد کی سرزمین قرار دیا۔

TGPSC

تلنگانہ پبلک سروس کمیشن نے گروپ ا امتحان کے نتائج منسوخی کے خلاف اپیل دائر کی ہے۔عدالت نے ہدایت دی ہے کہ یا تو پرچے دوبارہ جانچے جائیں یا امتحان نئے سرے سے کرائے جائیں اور بھرتی کا عمل 8 ماہ میں مکمل کیا جائے۔عدالت نے یو پی ایس سی بمقابلہ سنجے سنگھ کیس کے تحت رہنما خطوط وضع کرتے ہوئے 563 تقررات کا عمل مکمل کرنے یا 21 سے 27 اکتوبر تک مین امتحانات منعقد کرنے کی ہدایت دی۔

SALARJUNG

سالار جنگ میوزیم نے وزارت ثقافت کے تعاون سے وکست بھارت کے موضوع پر ایک روزہ پینٹنگ ورکشاپ کے انعقاد کا اعلان کیا ہے جس میں طلبہ اور نوجوان فنکار شریک ہوں گے۔یہ ورک شاپ وکست بھارت کے تحت ہوگا۔جس میں ساتویں جماعت اور یا اس سے بڑی کلاس والے طلبہ حصہ لے سکتے ہیں۔ان کے علاوہ فائن آرٹس، کالج طلبہ، جونیر آرٹسٹ بھی حصہ لے سکتے ہیں۔دیگر تفصیلات کیلئے salarjungmuseum1951@gmail.com پر ربط کیا جاسکتا ہے۔

HOLIDAYS

تعلیمی محکمہ نے 21 ستمبر سے 13 روزہ دسہرہ چھٹیوں کا اعلان کیا ہے۔اسکول 4 اکتوبر سے کھلیں گے جبکہ عثمانیہ یونیورسٹی میں چھٹیاں 5 اکتوبر تک رہیں گی۔جونیر کالجس کو 28 ستمبر تعطیلات رہیں گی جبکہ جواہر لال نہرو ٹکنالوجیکل یونیورسٹی نے بھی اپنے کالجوں کیلئے 29 ستمبر سے 4 اکتوبر تک دسہرہ تعطیلات کا اعلان کیا ہے۔

PROTEST

حیدرآباد ڈیزاسٹر ریسپانس فورس (حائیڈرا) کے ملازمین نے تنخواہوں میں 5 ہزار روپے کٹوتی کے خلاف احتجاج کیا اور ڈیوٹی کا بائیکاٹ کیا۔ یہ مظاہرہ آج حائیڈرا پولیس اسٹیشن کے روبرو کیا گیا۔ یہ احتجاج ایسے وقت کیا گیا جب ریاستی حکومت نے حائیڈرا کی جانب سے مقرر کردہ ڈی آر ایف اسٹاف کی تنخواہوں میں سے ماہانہ پانچ ہزار روپئے کاٹ لینے کی ہدایت دی ہے۔

MERGER DAY:

یوم انضمام تلنگانہ کے موقع پر ٹی پی سی سی صدر وہ ایم ایل سی مہیش کمار گوڑ نے کہا کہ تلنگانہ کو انڈین یونین میں شامل کئے جانے کیلئے کانگریس پارٹی کی جدوجہد اور قربانیوں کو یاد کرنا اہمیت کا حامل ہے۔ انہوں نے نظام کے خلاف جدوجہد کرنے والے سرکردہ لیڈرس کو خراج پیش کیا اور کہا کہ سردار ولبھ بھائی پٹیل کی قیادت میں کانگریس حکومت نے ریاست حیدرآباد میں آپریشن پولو کیا تھا۔

WEATHER

ریاست کے اضلاع عادل آباد، آصف آباد، جگتیال، سدی پیٹ، وقارآباد، سنگاریڈی، میدک، کاماریڈی، محبوب نگر اور ناگر کرنول میں آئندہ 24 گھنٹوں کے دوران کہیں کہیں شدید بارش کا امکان ہے۔ محکمہ موسمیات کے مرکز نے اپنی یومیہ رپورٹ میں کہا کہ آئندہ پانچ دن کے دوران ریاست کے تمام اضلاع میں مختلف مقامات پر بوندہ باندی کے علاوہ بجلیاں چمکنے اور تیز ہوائیں چلنے کا بھی امکان ہے۔

○○